کا زوردار انعکاس سامنے آتا ہے۔

یہ ضخیم کتاب حکیم صاحب کی اُن نشری تقریروں کا مجموعہ ہے جو انھوں نے "قرآنِ حکیم اور ہماری زندگی" کے عنوان کے تحت ریڈیو پاکستان سے نشر فرمائیں۔ ان ۱۴۱ تقاریر کو چند بڑی سرخیوں کے تحت مرتب کیا گیا ہے۔ ۱۔ ایمانیات ۲۔ قرآن کی روشنی ۳۔ رحمتِ عالم ۴۔ عبد اور معبود ۵۔ برکاتِ رمضان ۶۔ علم و حکمت ۷۔ تزکیہ نفس اور عمل ۸۔ تہذیبی اقدار اور تقاضے ۹۔ انسان اور معاشرہ ۱۰۔ آوازِ اخلاق ۱۱۔ سماجی برائیاں۔ ۱۲۔ صاحبِ ایمان کا کردار ۱۳۔ صحت و زندگی۔

اِن تقاریر میں آیات [illegible] سے پوری رہنمائی لی گئی ہے اور تمام ایمانی، اخلاقی اور اجتماعی تقاضوں کی تشریح بہت ہی آسان زبان میں کی گئی ہے۔ یہ کتاب زیادہ سے زیادہ ہاتھوں تک پہنچنی چاہیے۔

میرے دل میں حکیم محمد سعید صاحب کی جو قدر ہے اس میں اس کتاب نے اور اضافہ کیا ہے۔

تحریکِ اسلامی منزل بہ منزل | از چوہدری لعل دین سلیم۔ ناشر: تحریک پبلیکیشنز، جامعہ کلاتھ مارکیٹ، کچہری بازار، فیصل آباد۔ کتابت، طباعت، سرورق دیدہ زیب۔ کاغذ سفید، ضخامت ۴۸ صفحات۔ قیمت: ۶ روپے

"تحریک اسلامی منزل بہ منزل" چوہدری لعل دین سلیم امیر تحریک اسلامی ضلع فیصل آباد کی ایک تقریر ہے جو انھوں نے تحریک اسلامی صوبہ پنجاب کی متعدد تربیت گاہوں میں کی تھی اور اب اسے کارکنانِ تحریک کے بار بار کے اصرار پہ کتابی صورت میں پیش کیا گیا ہے۔

اِس کتابچہ میں تحریکِ اسلامی کی رودادِ سفر کو چھ منزلوں میں اس طرح تقسیم کیا گیا ہے کہ ایک قاری کے ذہن میں محمد بن قاسم کی برصغیر پاک و ہند میں آمد سے لے کر قیامِ پاکستان، سقوطِ ڈھاکہ اور اس کے بعد کی تاریخ واضح ہو جاتی ہے۔ نیز برصغیر پاک و ہند میں تحریک اسلامی کا اجمالی مگر جامع جائزہ اس کے ابتدائی دور سے لے کر مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ کی وفات کے حالات